13جولائی2021ء

# جون 2021ء میں کارکنوں کی ترسیلاتِ زر کی پریس ریلیز

- کارکنوں کی ترسیلاتِ زر کی مد میں 2ارب ڈالر سے زائد آنے کا ریکارڈ مسلسل تیرہویں مہینے جاری رہا اور جون 2021ء میں تقریباً 2.7ارب ڈالر (9فیصد نمو (سال بسال) اور 8 فیصد نمو (ماہ بماہ)) کی رقم آئی۔ عید سے قبل کے زمانے کی موسمی رقوم کی آمد سے جون کے دوران ترسیلاتِ زر مزید بڑھنے میں مدد ملی۔
- مجموعی بنیاد پر ترسیلاتِ زر مالی سال 21ء میں 29.4ارب ڈالر کی سالانہ تاریخی سطح تک پہنچ گئیں۔ اس سے گذشتہ سال کے مشکل عالمی معاشی حالات کے باوجود ملک کی بیرونی شعبے کی پوزیشن بہتر کرنے میں مدد ملی ہے۔ مالی سال 21ء میں پچھلے برس کی نسبت ترسیلاتِ زر میں 27 فیصد کی نمایاں نمو دیکھی گئی جو مالی سال 03ء سے اب تک اضافے کی تیز ترین شرح ہے۔
- مالی سال 21ء کے دوران ترسیلاتِ زر زیادہ تر سعودی عرب (7.7ارب ڈالر)، متحدہ عرب امارات (6.1ارب ڈالر)، برطانیہ (4.1ارب ڈالر) اور امریکہ (2.7ارب ڈالر) سے آئیں۔
- مجموعی طور پر مالی سال 21ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلاتِ زر کی ریکارڈ رقوم کی آمد کے اسباب باضابطہ طریقوں کے استعمال کی ترغیب دینے کے لیے حکومت اور اسٹیٹ بینک کے فعال پالیسی اقدامات، کووڈ19 کی بنا پر سرحد پار سفر میں کمی، وبا کے دوران پاکستان کو بھیجی جانے والی فلاحی رقوم اور زرِ مبادلہ مارکیٹ کے منظم حالات تھے۔

***